e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
# اودھ نامہ
# avadhnama
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 300 Saturday , August 01 2026 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۵)شمارہ نمبر(۳۰۰) لکھنؤ، بروز ہفتہ کیم-اگست ۲۰۲۶ء،مطابق ۱۷-صفرالمظفر -۱۴۴۸ھ صفحات-۸

## پاکستان کے قبضے والے کشمیر میں مظالم پر عالمی تحقیقات کا مطالبہ

نئی دہلی (یواین آئی) ہندوستان نے پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر میں پاکستانی انتظامیہ کی بربریت میں 40 سے زیادہ لوگوں کی موت کی شدید مذمت کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بین الاقوامی برادری پاکستان کی کارروائیوں کی تحقیقات کر کے اسے ان مظالم کے لیے جوابدہ ٹھہرائے گی۔ہندوستان نے یہ بھی کہا ہے کہ اب پاکستان کو اپنی کارروائیوں کا اندازہ ہورہا ہے جب ہندوستان میں خون خرابا کرنے کے لیے تیار کیے گئے مجاہدین نے اب پاکستان کے خلاف ہی ہتھیار اٹھا لیے ہیں۔وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے جمعہ کو میڈیا بریفنگ میں پاکستان کے قبضے والے کشمیر میں لوگوں کے خلاف ظالمانہ کارروائی کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں کہا کہ اس سے زیادہ دکھ کی بات کیا ہوگی کہ پاکستان نے احتجاج کررہے اپنے ہی شہریوں کو دشمن مان لیا ہے۔

## پردھان منتری کسان سمان ندھی یوجنا کیلئے 3.15 لاکھ کروڑ روپے منظور

نئی دہلی (یواین آئی) حکومت نے پردھان منتری کسان سمان ندھی اسکیم کو 2030-31 تک بڑھانے کے ساتھ ہی اسکیم کے لیے 3.15 لاکھ کروڑ روپے کے مالی خرچ کو بھی منظوری فراہم کردی ہے۔اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے میٹنگ کے بعد یہاں پریس کانفرنس میں بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی صدارت میں جمعہ کو یہاں ہوئی کابینہ کی میٹنگ میں اس سلسلے میں تجویز کو منظوری دی گئی۔کابینہ کے فیصلے میں کہا گیا ہے کہ کسانوں کی خوشحالی ہی ملک کی خوشحالی کی بنیاد ہے اور اسی مقصد سے اہل کسان خاندانوں کو ڈائریکٹ بینیفٹ ٹرانسفر (ڈی بی ٹی) نظام کے ذریعے وقت پر اور شفاف مالی امداد فراہم کی جارہی ہے۔اس سے کسانوں کو زراعت میں سرمایہ کاری بڑھانے اور روزگار کو مضبوط بنانے میں مدد مل رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ اسکیم فروری 2019 میں شروع کی گئی تھی، جس کے تحت اہل زمین کی ملکیت رکھنے والے کسان خاندانوں کو ہر سال 6,000 روپے کی مالی امداد تین مساوی قسطوں میں براہِ راست ان کے بینک کھاتوں میں منتقل کی جاتی ہے۔

# چندہ چوری معاملہ پر اپوزیشن کا پارلیمنٹ میں احتجاج

### پپو یادو پجاری بن کر پہنچے پارلیمنٹ، راہل نے چندہ پیٹی میں عطیہ ڈالا، اپوزیشن کے ساتھی اراکین اسمبلی نے بھکتوں کا کردارادا کیا، جتیندر سنگھ کے خلاف استحقاق شکنی کا نوٹس






نئی دہلی:(ایجنسی) پارلیمنٹ کمپلیکس جمعہ کو احتجاج کے لیے ایک منفرد اسٹیج میں تبدیل ہوگیا، اپوزیشن کے اراکین پارلیمنٹ نے مرکزی حکومت کو متعدد مسائل پر گھیرنے کے لیے اسٹریٹ ڈرامے کا سہارا لیا، جس میں رام مندر سے فنڈز کا مبینہ غبن مرکزی توجہ کا مرکز تھا۔اپوزیشن نے مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ سے بھی جوابدہی کا مطالبہ کیا اور ان سے پارلیمنٹ کی جاری کارروائی میں شامل ہونے اور احتجاجی طلباء کے خلاف پولیس کی حالیہ کارروائی پر جواب دینے کو کہا۔چندا چور گدی چھوڑ، جواب تم کو دینا ہوگا اور امیت شاہ پارلیمنٹ میں آؤ جیسے نعرے پارلیمنٹ کے احاطے میں گونج رہے تھے۔راہل گاندھی سمیت دیگر اپوزیشن ارکان نے اس میں علامتی طور پر چندہ ڈالا۔اپوزیشن ارکان ایک بینر بھی ساتھ لائے تھے، جس پر لکھا تھا: امت شاہ پارلیمنٹ سے غائب کیوں ہیں؟

پورنیا کے رکن پارلیمنٹ پپو یادو بھگوا لباس میں ملبوس سامنے آئے، جس میں مندر کے پجاری کی تصویر تھی جو عقیدت مندوں سے چندہ جمع کررہے تھے۔انہوں نے ایودھیا سے بھگوان رام کی تصویر تھام رکھی تھی۔یہ علامتی مظاہرہ ایک اسٹریٹ پلے کی طرح کیا گیا۔اپوزیشن کے ساتھی اراکین اسمبلی نے بھکتوں کا کردار ادا کیا اور چندہ جمع کرنے والے ڈبے میں چندہ جمع کرنے کے لیے آگے آئے۔تاہم، ایک ڈرامائی موڑ اس وقت آیا جب پجاری نے رقم کو ڈبے میں رکھنے کے بجائے خفیہ طور پر اپنی جیب میں ڈال لیا۔اس پر ایس پی کے ایک رکن پارلیمنٹ نے بھکت کا کردار ادا کرتے ہوئے چندہ چوری کے لئے پجاری کی سرزنش کی۔حزب اختلاف کے اراکین پارلیمنٹ نے جمعہ کو پارلیمنٹ احاطے میں مرکزی حکومت کے خلاف انوکھا احتجاج کیا، جس میں رام مندر کے فنڈز کے مبینہ غبن سمیت کئی مسائل پر جوابدہی کا مطالبہ کیا۔اس دوران پجاری (پپو یادو) نے کسی بھی غلط کام سے انکار کرتے ہوئے، اصرار کیا کہ کوئی چندہ چوری نہیں ہوئی ہے۔اس کے بعد انہوں ناراض بھکتوں کے جارحانہ ہجوم کے ذریعے ڈرامائی انداز میں راہ فرار اختیار کیا، طنز اور علامت نگاری کے ذریعے اپوزیشن کے الزامات کی طرف توجہ مبذول کروائی۔قائد حزب اختلاف راہول گاندھی پہلے بھگوان رام کی تصویر کے سامنے جھکتے اور پھر چندہ خانے میں چندہ ڈالتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔ اس دوران دیگر اراکین پارلیمنٹ نے نعرے لگائے۔سماج وادی پارٹی کے ممبران پارلیمنٹ، دیگر پارٹیوں کے لیڈروں کے ساتھ، چندہ باکس میں چندہ دیتے ہوئے نظر آرہے ہیں۔ بعد میں، پپو یادو چندہ باکس لے کر بھاگتے ہوئے نظر آتے ہیں، جب کہ کچھ رہنما علامتی طور پر ان چندہ والے ڈبے کو چھینتے نظر آتے ہیں۔

ادھر، لوک سبھا کی کارروائی صبح 11 بجے شروع ہوئی، لیکن اپوزیشن کے ہنگامے کے باعث دوپہر 12 بجے تک ملتوی کردی گئی۔دوبارہ کارروائی شروع ہونے پر پیدائش و اموات رجسٹریشن (ترمیمی) بل، 2026 صوتی ووٹ سے منظور کرلیا گیا۔بعد ازاں لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی 3 اگست تک کے لیے ملتوی کردی گئی۔

دریں اثنا کانگریس نے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ کے خلاف استحقاق شکنی کی تحریک پیش کی۔جتیندر سنگھ نے پارلیمنٹ میں کہا تھا کہ جنتر منتر احتجاج اور پارلیمنٹ مارچ کے دوران مظاہرین پر فائرنگ نہیں ہوئی تھی۔

کانگریس کے جنرل سکریٹری نیز پارٹی رکنِ پارلیمنٹ کے سی وینوگوپال نے سوشل میڈیا ایکس پر جمعہ کو یہ معلومات دیتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے ڈاکٹر سنگھ کے خلاف استحقاق شکنی کا نوٹس دیا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا ہے کہ مرکزی وزیر نے پارلیمنٹ میں یہ کہہ کر واضح طور پر جھوٹ بولا ہے کہ طالب علموں کے پرامن مظاہرے کے دوران کوئی گولی نہیں چلائی گئی۔انہوں نے کہا کہ لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی نے میڈیا کے سامنے پیلیٹ گن سے زخمی ایک طالب علم سے ملاقات کی تھی۔اس کے علاوہ گولی لگنے سے زخمی ہونے والے افراد کے سلسلے میں متعدد میڈیا رپورٹس نیز ہسپتالوں کے ریکارڈ بھی دستیاب ہیں۔انہوں نے بتایا کہ حکومت پارلیمنٹ میں جھوٹ بول کر بچ نہیں سکتی اور متعلقہ وزیر کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔لوک سبھا اسپیکر کو بھیجے گئے اپنے استحقاق شکنی کے نوٹس میں مسٹر وینوگوپال نے کہا کہ وہ لوک سبھا کے قواعد و ضوابط کے ضابطہ 222 کے تحت یہ تجویز لا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ 29 جولائی کو پبلک امتحانات (غلط طور طریقوں کی روک تھام) ترمیمی بل، 2026 پر بحث کے دوران ڈاکٹر سنگھ نے ایوان میں کہا تھا کہ طالب علموں کے مظاہرے کے دوران گولی چلانے کا کوئی واقعہ نہیں ہوا، صرف آنسو گیس کا استعمال کیا گیا تھا اور جب گولی چلی ہی نہیں تو حکم دینے کا سوال ہی نہیں اٹھتا۔

## لوک سبھا سے پیدائش واموات رجسٹریشن ترمیمی بل منظور، نہیں ہوسکی کوئی بحث

پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کے دسویں دن اپوزیشن نے دونوں ایوانوں میں طلبا پر پولیس کی بربریت معاملہ پر زبردست ہنگامہ کیا۔اپوزیشن 20 جولائی کو پارلیمنٹ مارچ کے دوران طلبا پر ہوئی مبینہ پولیس کارروائی پر بحث اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے جوابدہی کا مطالبہ کرتا رہا، لیکن اس سلسلے میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔اس دوران لوک سبھا نے 'پیدائش واموات رجسٹریشن (ترمیمی) بل، 2026' کو منظوری دے دی۔یہ بل بغیر کسی بحث کے ہی منظور ہوگیا۔آج دوپہر 12 بجے ایوان کی کارروائی جب دوبارہ شروع ہوئی، تو بی جے پی رکن پارلیمنٹ دلیپ سیکیا کی صدارت میں بل کو بحث اور منظوری کے لیے پیش کیا گیا۔اپوزیشن اراکین کی نعرے بازی کے درمیان اسے صوتی ووٹ سے منظور کردیا گیا۔اس دوران کئی اپوزیشن اراکین ایوان کے وسط میں پہنچ گئے اور وزیر داخلہ امت شاہ کی ایوان میں موجودگی کا مطالبہ کرنے لگے۔پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے پیدائش واموات رجسٹریشن ترمیمی بل پر بحث میں حصہ نہ لینے پر اپوزیشن سے ناراضگی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت اس اہم بل پر بحث چاہتی تھی۔رجیجو نے کہا کہ "یہ بدقسمتی کی بات ہے۔ مستقبل میں ایسا دوبارہ نہیں ہونا چاہیے۔جن لوگوں نے آپ کو پارلیمنٹ بھیجا ہے، وہ آپ سے جواب مانگیں گے۔" انہوں نے اپوزیشن اراکین سے اپیل کی کہ وہ مستقبل میں بلوں پر بحث میں حصہ لیں، نہ کہ ایوان کی کارروائی میں خلل ڈالیں۔دلیپ سیکیا نے بھی کہا کہ اپوزیشن کے تعاون کے بغیر بل کا منظور ہونا بدقسمتی کی بات ہے۔

## پی ایم مودی نے برطانیہ کے وزیراعظم سے بات کی، دونوں نے باہمی ترقی کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا





نئی دہلی، 31 جولائی (یواین آئی) ہندوستا اور برطانیہ نے ٹیکنالوجی، اختراع، دفاع، سلامتی اور صاف توانائی جیسے شعبوں میں مل کر کام کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو نئی بلندیوں تک پہنچانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔وزیراعظم کے دفتر (پی ایم او) نے بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور برطانیہ کے نئے وزیراعظم اینڈی برنہم نے جمعہ کو ٹیلی فون پر بات چیت کی۔وزیراعظم مودی نے بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ کے ذریعے اس گفتگو کی معلومات شیئر کیں۔انہوں نے کہا کہ برطانیہ کے وزیراعظم اینڈی برنہم سے بات کرکے خوشی ہوئی۔میں نے انہیں منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے کامیاب دورِ حکومت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ہم نے ٹیکنالوجی، اختراع، دفاع، سلامتی، صاف توانائی، تعلیم اور عوامی روابط جیسے شعبوں میں تعاون بڑھانے اور بھارت-برطانیہ جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے پر اتفاق کیا۔وزیراعظم مودی نے کہا کہ دونوں ممالک عوام کی مشترکہ خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لیے حال ہی میں نافذ ہونے والے بھارت-برطانیہ جامع اقتصادی و تجارتی معاہدے (سی ای ٹی اے) سے پیدا ہونے والے تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے بھی مل کر کام کریں گے۔وزیراعظم کے دفتر کے مطابق دونوں رہنماؤں نے بھارت-برطانیہ جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔انہوں نے بھارت-برطانیہ وژن 2035 کے مطابق ٹیکنالوجی، اختراع، دفاع، سلامتی، صاف توانائی، تعلیم اور عوامی روابط جیسے ترجیحی شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا۔اس کے علاوہ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی خیالات کا تبادلہ کیا۔

## دہلی فسادات: انکت شرما قتل معاملہ میں طاہر حسین سمیت 5 مجرموں کو عمر قید کی سزا




نئی دہلی: (ایجنسی) شمال مشرقی دہلی فسادات کے دوران انٹیلی جنس بیورو (آئی بی) کے سکیورٹی اسسٹنٹ انکت شرما کے قتل کے مقدمے میں دہلی کی کڑکڑڈوما عدالت نے جمعہ کو اہم فیصلہ سناتے ہوئے سابق کونسلر طاہر حسین سمیت 5 مجرموں کو عمر قید کی سزا سنائی۔سزا سنائے جانے کے بعد عدالت سے باہر میڈیا سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے طاہر حسین نے کہا کہ انہیں امید ہے کہ ہائی کورٹ سے انصاف ملے گا۔عدالت نے اس سے قبل 13 جولائی کو اس مقدمے میں سماعت مکمل ہونے کے بعد طاہر حسین، ناظم، قاسم، جاوید اور انس کو قتل اور دیگر سنگین جرائم کا قصوروار قرار دیا تھا۔سزا کے تعین کے دوران دہلی پولیس نے پانچوں مجرموں کے لیے سزائے موت کا مطالبہ کیا تھا، تاہم عدالت نے تمام حالات کا جائزہ لینے کے بعد انہیں عمر قید کی سزا سنائی۔یہ مقدمہ فروری 2020 میں شمال مشرقی دہلی میں ہونے والے فسادات سے متعلق ہے۔انہی فسادات کے دوران آئی بی کے سکیورٹی اسسٹنٹ انکت شرما لاپتا ہوگئے تھے۔بعد ازاں ان کی لاش چاند باغ علاقے کے ایک نالے سے برآمد ہوئی تھی۔اس مقدمے میں مجموعی طور پر 11 ملزمان کے خلاف مقدمہ چلایا گیا۔عدالت نے ثبوتوں کے فقدان کی بنیاد پر 6 ملزمان کو بری کردیا، جبکہ طاہر حسین، ناظم، جاوید، قاسم اور انس کو مختلف دفعات کے تحت مجرم قرار دیا۔عدالت نے ان پانچوں کو تعزیرات ہند (آئی پی سی) کی دفعہ 302 (قتل)، 365 (اغوا)، 188، 153 اے، 147، 148 اور 149 کے تحت قصوروار ٹھہرایا۔ تاہم عدالت نے انہیں مجرمانہ سازش سے متعلق دفعہ 120 بی کے الزام سے بری کردیا۔سماعت کے دوران استغاثہ نے موقف اختیار کیا کہ انکت شرما کا قتل ایک منصوبہ بند کارروائی کا حصہ تھا اور اس کا مقصد فسادات کے دوران حالات کو مزید کشیدہ بنانا تھا۔

## 'وندے ماترم کا قانونی لزوم مذہبی وآئینی آزادی پر حملہ ہے'

> قانون سازی کے ذریعے کسی مخصوص مذہبی تصور یا عقیدے کو ملک کے تمام شہریوں پر مسلط کرنا دستورِ ہند کی بنیادی روح سے متصادم ہے: آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

نئی دہلی۔آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے ترمیمی بل منظور کرکے وندے ماترم کی توہین کو قابلِ سزا جرم قرار دینے کے اقدام پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے ملک کے آئینی، سیکولر اور جمہوری مزاج کے منافی اور شہریوں کی مذہبی آزادی پر ایک سنگین حملہ قرار دیا ہے۔بورڈ کے مطابق قانون سازی کے ذریعے کسی مخصوص مذہبی تصور یا عقیدے کو ملک کے تمام شہریوں پر مسلط کرنا دستورِ ہند کی بنیادی روح سے متصادم ہے۔آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے ترجمان ڈاکٹر سید قاسم رسول الیاس نے جاری کردہ اپنے بیان میں کہا کہ وندے ماترم کو قانونی جبر کے ذریعے تمام طبقات اور مذہبی برادریوں پر لازم کرنے کی کوشش نہ صرف نازیبا بلکہ دستور کے بنیادی اصولوں کے بھی خلاف ہے۔انہوں نے کہا کہ دستور سازی کے مرحلے میں دستور ساز اسمبلی نے گہرے غور وخوض کے بعد وندے ماترم کے ابتدائی دو بندوں کو ہی قومی سطح پر قبول کیا تھا، جبکہ اس کے دیگر حصوں کے مذہبی مفاہیم کو ملک کے سیکولر کردار کے ساتھ ہم آہنگ نہیں سمجھا گیا تھا۔


ڈاکٹر الیاس نے کہا کہ وندے ماترم کے بعض مندرجات ایسے مذہبی تصورات پر مبنی ہیں جن میں وطن کو ایک دیوی کی صورت میں پیش کرکے اس کی وندنا کی دعوت دی گئی ہے۔ مسلمان کے لیے یہ تصور اس کے بنیادی عقیدۂ توحید سے صریحاً متصادم ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ مسلمان صرف اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کرتا ہے اور اس کی ذات، صفات، حقوق واختیارات میں کسی بھی درجے کا شرک اس کے ایمان کے منافی ہے۔چنانچہ کسی مسلمان کو اس کے عقیدے کے خلاف کسی مذہبی مفہوم کے حامل گیت، نعرے یا عمل میں شرکت پر مجبور کرنا ناقابلِ قبول ہے۔

انہوں نے کہا کہ دستورِ ہند کی دفعہ 25 ہر شہری کو اپنے مذہب پر عمل اور اس کی پیروی کی آزادی عطا کرتی ہے، جبکہ دفعہ 19 اظہارِ رائے کی آزادی کی ضمانت فراہم کرتی ہے۔ان آئینی ضمانتوں کا واضح تقاضا ہے کہ کسی شہری کو اس کے مذہبی عقیدے اور ضمیر کے خلاف کسی گیت، نعرے، نظریے یا علامت کو اختیار کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔

ترجمان نے سپریم کورٹ کے معروف فیصلہ Bijoe Emmanuel بنام ریاستِ کیرالہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عدالتِ عظمیٰ نے حتیٰ کہ قومی ترانے جن گن من کے معاملے میں بھی یہ اصول تسلیم کیا کہ اگر کسی شخص کا مذہبی عقیدہ اسے کسی مخصوص عمل میں شرکت سے روکتا ہو تو اسے محض عدم شرکت کی بنیاد پر سزا نہیں دی جاسکتی۔عدالت نے یہ بھی واضح کیا تھا کہ اظہارِ رائے کی آزادی میں بعض حالات میں خاموش رہنے کا حق بھی شامل ہے اور احترام کے ساتھ عدمِ شرکت کو بے احترامی قرار نہیں دیا جاسکتا۔ڈاکٹر الیاس نے کہا کہ وطن سے محبت اور وطن کی پوجا دو الگ تصورات ہیں۔مسلمان اپنے وطن سے محبت کو اپنے دینی وشہری فریضے کا حصہ سمجھتے ہیں، لیکن وہ وطن کو معبود یا دیوی کا درجہ نہیں دے سکتے۔انہوں نے کہا کہ حب الوطنی کا معیار کسی مخصوص نعرے یا گیت کی ادائیگی نہیں بلکہ ملک، اس کے آئین، عوام اور ان کے حقوق کے ساتھ وفاداری ہے۔

## یوپی انٹرنیشنل ٹریڈ شو کو عالمی کاروباری پلیٹ فارم بنانے پر زور، سی ایم یوگی کی ہدایت

### ٹریڈ شو 25 ستمبر سے، عالمی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کی تیاری، وزیر اعلیٰ نے چوتھے ایڈیشن کی تیاریوں کا جائزہ لیا



لکھنؤ۔وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ اتر پردیش کو عالمی تجارت، مینوفیکچرنگ اور برآمدات کے ایک اہم مرکز کے طور پر قائم کرنے کے مقصد سے اتر پردیش انٹرنیشنل ٹریڈ شو (UPITS) کا چوتھا ایڈیشن 25 سے 29 ستمبر تک انڈیا ایکسپو سینٹر اینڈ مارٹ گریٹر نوئیڈا میں منعقد ہوگا۔ اتر پردیش انٹرنیشنل ٹریڈ شو کے پچھلے تین ایڈیشن ریاست کی مصنوعات، کاروباری اداروں اور صنعتوں کو قومی اور بین الاقوامی منڈیوں سے جوڑنے کے لیے ایک موثر ذریعہ ثابت ہوئے ہیں۔اب، یہ تقریب اب صرف ایک تجارتی نمائش نہیں رہی، بلکہ وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے "میک ان انڈیا" اور "میک فار دی ورلڈ" کے وژن کو آگے بڑھانے کا ایک عالمی پلیٹ فارم بن گیا ہے۔وزیر اعلیٰ آج اپنی سرکاری رہائش گاہ پر اتر پردیش انٹرنیشنل ٹریڈ شو (UPITS) کے چوتھے ایڈیشن کی تیاریوں کا جائزہ لے رہے تھے۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یہ تجارتی نمائش اتر پردیش کی صنعتی صلاحیتوں، اختراعات، مصنوعات اور برآمدی صلاحیت کو دنیا کے سامنے دکھانے کا ایک اہم موقع فراہم کرتا ہے۔ اتر پردیش "لامحدود صلاحیت" کی ریاست ہے اور اتر پردیش انٹرنیشنل ٹریڈ شو اس صلاحیت کو حاصل کرنے کا سب سے مؤثر پلیٹ فارم ہے۔وزیر اعلیٰ نے زور دیا کہ اس تقریب کو اندرون اور بیرون ملک وسیع پیمانے پر پھیلایا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاروں، خریداروں اور مہمانوں کو راغب کیا جاسکے۔میٹنگ کے دوران وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ اس سال تجارتی نمائش کا تھیم "عالمی ترقی کے لیے یوپی: اختراع، مینوفیکچرنگ، اور برآمدات" ہے۔ایونٹ کا مقصد 2400 سے زیادہ نمائش کنندگان، 150000 رجسٹرڈ B2B خریداروں، 450000 سے زیادہ B2C زائرین، اور 85 ممالک سے 550 سے زیادہ بین الاقوامی خریداروں کو راغب کرنا ہے۔مزید برآں، 4000 سے زیادہ مفاہمت کی یادداشتیں (MoUs)، مجوزہ مفاہمت نامے جن کی مالیت 3200 کروڑ سے زیادہ ہے، اور 13500 کروڑ سے زیادہ مالیت کی کاروباری پوچھ گچھ متوقع ہے۔وزیر اعلیٰ نے سنگاپور، عمان، آسٹریا، برازیل، تھائی لینڈ، جاپان، انڈونیشیا اور روس سمیت دیگر ممالک کے ساتھ فعال مذاکرات کی بھی ہدایت کی تاکہ ان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنایا جا سکے۔وزیر اعلیٰ کو بتایا گیا کہ اس بار اوڈی اوپی، اوڈی اوسی، ایم ایس ایم ای، الیکٹرانکس اینڈ آئی ٹی، دفاع اور ایرو اسپیس، زراعت اور اس سے منسلک شعبے، سیاحت اور فلم، قابل تجدید توانائی، آٹو اور الیکٹرک ڈیمکلز، فارما اینڈ ہیلتھ، سکل ڈویلپمنٹ، سول ایوی ایشن، مالیاتی خدمات، اسٹارٹ اپس، لاجسٹکس، فوڈ پراسیسنگ، ٹیکسٹائل، ٹیکسٹائل، ٹیکسٹائل وغیرہ شامل ہیں۔اور دیگر اہم شعبوں کو بڑے پیمانے پر دکھایا جائے گا۔یہ اتر پردیش کی متنوع صنعتی اور اقتصادی صلاحیت کو ایک پلیٹ فارم پر ظاہر کرے گا۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نالج سیشنز کو صنعت، سرمایہ کاروں اور تاجروں کیلئے مفید بنایا جائے۔ان سیشنز میں مصنوعی ذہانت اور سائبر کرائم، الیکٹرانکس مینوفیکچرنگ، بینکنگ اور فائنانس، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ، نئے لیبر کوڈز، فوڈ پروسیسنگ پالیسی، روڈ سیفٹی، ای کامرس، عالمی آزادانہ تجارت کے معاہدوں، MSMEs اور دیگر عصری موضوعات پر ماہرین کی گفتگو ہونی چاہیے۔کاروباری سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ، تقریب کے بھرپور ثقافتی ورثے کو اتر پردیش کی پہچان بنانے کے لیے، تمام دنوں میں کلاسیکی موسیقی، کتھک، لوک رقص، لوک گانے، بھجن، غزل اور دیگر ثقافتی پیشکشوں کی پرکشش پرفارمنس کا انعقاد کیا جانا چاہیے تاکہ ہندوستان اور بیرون ملک سے آنے والے مہمان اتر پردیش کے ثقافتی تنوع کا تجربہ کرسکیں۔

## شادی شدہ بیٹیوں کے حق میں سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے ایک اہم فیصلے میں کہا ہے کہ کسی شادی شدہ بیٹی کو محض اس کی ازدواجی حیثیت کی بنیاد پر ہمدردانہ تقرری (کمپیشنٹ اپائنٹمنٹ) کے حق سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔عدالت نے واضح کیا کہ ایسی سرکاری پالیسی، جس میں صرف طلاق یافتہ یا شوہر کی جانب سے ترک شدہ بیٹیوں کو ہی اس سہولت کا اہل قرار دیا جائے، آئین کے آرٹیکل 14 میں دیے گئے مساوات کے حق کی خلاف ورزی ہے۔جسٹس ایم ایم سندریش اور جسٹس پرسانا بی ورالے پر مشتمل بنچ نے سائرہ خاتون اور ان کی بیٹی کی اپیل منظور کرتے ہوئے پٹنہ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کو کالعدم قرار دیا، جس میں والد کے انتقال کے بعد بیٹی کی ہمدردانہ تقرری کی درخواست مسترد کیے جانے کو درست قرار دیا گیا تھا۔درخواست گزاروں نے بہار حکومت کی 10 دسمبر 2014 کی پالیسی کو چیلنج کیا تھا، جس کے تحت صرف طلاق یافتہ یا شوہر کی جانب سے ترک شدہ بیٹی کو ہی ہمدردانہ تقرری کے لیے اہل مانا گیا تھا۔ریاستی حکومت نے درخواست مسترد کرتے ہوئے یہ دلیل بھی دی تھی کہ متوفی ملازم کے بھائی نے تقرری پر اعتراض کیا ہے۔

## بھوج شالہ تنازعہ: سپریم کورٹ کے عبوری حکم کے بعد نئی جگہ پر پہلی بار نمازِ جمعہ کی ادائیگی



نئی دہلی/ دھار: (ایجنسی) مدھیہ پردیش کے ضلع دھار میں واقع تاریخی بھوج شالہ تنازع کے معاملے میں سپریم کورٹ کے عبوری حکم کے بعد جمعہ کو نئی انتظامی ترتیب کے تحت پہلی بار جمعہ کی نماز ادا کی گئی۔ضلع انتظامیہ نے مسلم برادری کے لیے سروے نمبر 612 پر نماز کی ادائیگی کا انتظام کیا تھا، جہاں سخت حفاظتی انتظامات کے درمیان 150 سے زائد افراد نے شدید بارش کے باوجود پرامن انداز میں نماز ادا کی۔انتظامیہ کی جانب سے نماز کے لیے دوپہر ایک بجے سے تین بجے تک کا وقت مقرر کیا گیا تھا۔نماز کے وقت تقریباً ڈھائی بجے مسلم برادری کے افراد مقررہ مقام پر پہنچے اور کسی ناخوشگوار واقعے کے بغیر نماز ادا کی۔نماز کی تکمیل کے بعد ضلع انتظامیہ نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پورے پروگرام کے دوران قانون ونظم کی صورت حال مکمل طور پر قابو میں رہی۔جمعہ کی نماز سے قبل ضلع انتظامیہ اور مسلم برادری کے نمائندوں کے درمیان ایک اہم اجلاس بھی منعقد ہوا، جس میں سپریم کورٹ کے عبوری حکم پر عمل درآمد اور نماز کے انتظامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس کے بعد انتظامیہ نے مقررہ مقام پر تمام ضروری سہولیات اور حفاظتی انتظامات مکمل کیے۔مسلم فریق کی نمائندگی کرنے والی کمال مولا ویلفیئر سوسائٹی کے رکن عبدالصمد نے بتایا کہ سپریم کورٹ نے دلائل سننے کے بعد کمال مولا مسجد سے متصل سروے نمبر 611، 612 اور 596 پر نماز کی اجازت دینے کی ہدایت دی تھی۔تاہم، فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے اور کسی کی مذہبی جذبات کو ٹھیس نہ پہنچانے کے مقصد سے مسلم برادری نے بنیادی طور پر تجویز کردہ سروے نمبر 611 کے بجائے سروے نمبر 612 پر نماز ادا کرنے کا فیصلہ کیا۔

## 'آپ جین-زی کو دھمکا نہیں سکتے'، راہل گاندھی نے ایک بار پھر مودی-شاہ کو کیا متنبہ



نئی دہلی۔(ایجنسی) نیٹ پیپر لیک اور طلبا تحریک پر ہوئی پولیس کارروائی کو لے کر سیاست مسلسل گرماتی جارہی ہے۔لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی نے ایک بار پھر مرکزی حکومت، وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کو براہ راست نشانہ بنایا ہے۔انھوں نے ایک طرح سے نریندر مودی اور امت شاہ کو متنبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ جین-زی کو قطعی دھمکا نہیں سکتے۔

راہل گاندھی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری اپنی تازہ پوسٹ میں حکومت پر طلبا کی آواز دبانے اور جابرانہ پالیسیاں اختیار کرنے کا سنگین الزام عائد کیا ہے۔انھوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا ہے کہ "پی ایم مودی اور امت شاہ...آپ جین-زی کو دھمکا کر خاموش نہیں کرا سکتے۔ پہلے آپ نے ان کی ہڈیاں توڑیں اور اب آپ ان کے خلاف ایف آئی آر درج کر رہے ہیں اور ان کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بند کروا رہے ہیں۔" حکومت کو متنبہ کرتے ہوئے انھوں نے آگے لکھا ہے کہ "آپ ہندوستان کا ماضی ہیں۔ ہندوستان کے مستقبل کے ساتھ آپ کیسا سلوک کر رہے ہیں، اس کو لے کر ذرا محتاط رہیے۔"

دراصل نیٹ امتحان میں ہوئی بے ضابطگیوں اور پیپر لیک کے خلاف حال ہی میں ملک بھر کے نوجوانوں (جین-زی) نے سڑکوں پر اتر کر احتجاج کیا تھا۔دہلی کے جنتر منتر پر جاری طویل تحریک اور 20 جولائی کے 'پارلیمنٹ چلو' مارچ کے دوران پولیس کی جانب سے طلبا پر بربریت کے سنگین الزامات عائد کیے گئے تھے۔ لاٹھی چارج اور پیلیٹ گن کے استعمال کا معاملہ تو اتنا طول پکڑ چکا ہے کہ اس کی وجہ سے پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس بھی بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔غور کرنے والی بات یہ ہے کہ حال ہی میں خبر آئی تھی کہ پولیس نے کئی مظاہرین طلبا کے خلاف مقدمات درج کیے ہیں اور تحریک سے وابستہ کئی سوشل میڈیا ہینڈلز کو بلاک/ٹیک ڈاؤن کیا گیا ہے۔اسی تعلق سے راہل گاندھی نے مودی حکومت کو ایک بار پھر نشانے پر لیا ہے۔انھوں نے طلبا کے خلاف کارروائی کو ناقابل برداشت ٹھہرایا ہے اور مرکزی حکومت پر نوجوانوں کے مستقبل و جمہوریت کے ساتھ کھلواڑ کرنے کا سنگین الزام عائد کیا ہے۔

